Downloaded From : http://cbseportal.com/

**Series : TYM**

**SET-4**

**Code No. 5B**

**Roll No.** | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **12** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **17** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (کورس B)

# URDU (Course B)

وقت : 3، گھنٹے

کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours]* *[Maximum marks : 80*

### حصّہ - الف

.1 درج ذیل (غیر درسی) عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : **5**

اردو افسانہ نگاروں میں کرشن چندر کی مقبولیت اپنی مثال آپ تھی۔ 23 نومبر 1914 کو وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ پنجاب میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ڈاکٹر گوری شنکر بھرت پور اور پونچھ میں ملازم تھے۔ کرشن چندر کی ابتدائی تعلیم پونچھ (جموں کشمیر) میں ہوئی۔ 1930 کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے لاہور گئے اور فورمین کرسچین کالج میں



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

داخلہ لے لیا۔ 1934 میں پنجاب یونیورسٹی سے انگریزی میں ایم۔اے۔ کیا ان کی ادبی زندگی صحیح معنوں میں ’ادبی دنیا لاہور‘ سے شروع ہوئی جہاں صلاح الدین احمد نے ان کی بے حد حوصلہ افزائی کی۔ اسی زمانے میں کرشن چندر کو آل انڈیا ریڈیو لاہور میں ملازمت مل گئی اور سال بھر میں دہلی اور پھر لکھنؤ تبادلہ ہو گیا۔ لکھنؤ اس زمانے میں ترقی پسند تحریک کا مرکز تھا۔ لکھنؤ میں تھے کہ شالیمار پکچرز کے لیے مکالمے لکھنے کی دعوت ملی اور وہ استعفادے کر پونہ چلے گئے۔ بعد میں مستقل طور پر بمبئی آ گئے۔ 1969 میں حکومت ہند کی طرف سے ’پدم بھوشن‘ کا اعزاز عطا ہوا۔“

(i) کرشن چندر کون تھے ؟

(a) افسانہ نگار (b) قصیدہ گو

(c) مرثیہ گو (d) نظم گو

(ii) کرشن چندر کے والد گوری شنکر کہاں ملازم تھے ؟

(a) بھرت پور (b) پونچھ (جموں کشمیر)

(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں (d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iii) کرشن چندر کہاں پیدا ہوئے ؟

(a) ممبئی (b) پنجاب

(c) لکھنؤ (d) دہلی

(iv) کرشن چندر نے کہاں کہاں ملازمت کی ؟

(a) آل انڈیا ریڈیو لاہور (b) دہلی

(c) لکھنؤ (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں

(v) حکومت ہند نے کرشن چندر کو ”پدم بھوشن“ کا اعزاز کب عطا کیا ؟

(a) 1910 میں (b) 1969 میں

(c) 1950 میں (d) 1972 میں



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

2. درج ذیل (غیر درسی) شعری حصے کو پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 5

کرتے ہیں مسافر کو محبت سے اشارے
اے وادیِ گنگا ترے شاداب نظارے
یہ بکھرے ہوئے پھول، یہ بکھرے ہوئے تارے
خوشبو سے مہکتے ہوئے دریا کے کنارے

یہ چاندنی رات اور یہ پرخواب فضائیں
اک موج طرب کی طرح بے تاب فضائیں
سبزے کا ہجوم اور یہ شاداب فضائیں
مہکے ہوئے نظارے ہیں بہکے ہوئے تارے

یہ تارے ہیں یا نور کے مے خانے ہیں آباد
معصوم و حسیں حوروں کے کاشانے ہیں آباد
مستانہ ہوائیوں پہ پری خانے ہیں آباد
یا دامن افلاک میں بے تاب شرارے

(i) درج بالا اشعار ہیں

(a) غزل کے (b) نظم کے
(c) رباعی کے (d) قطعہ کے

(ii) مسافر کو محبت سے اشارے کون کرتے ہیں ؟

(a) وادیِ گنگا کے شاداب نظارے
(b) یہ بکھرے ہوئے پھول یہ بکھرے ہوئے تارے
(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(iii) خوشبو سے کیا مہکتے ہوئے ہیں ؟

(a) دریا کے کنارے
(b) بہکے ہوئے تارے
(c) بے تاب شرارے
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iv) شاداب کا مطلب ہے

(a) تروتازہ
(b) ہرا بھرا
(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) مصرع مکمل کیجیے :

مہکے ہوئے نظارے ہیں

______________

(a) بکھرے ہوئے تارے
(b) بے تاب شرارے
(c) بہکے ہوئے تارے
(d) شاداب نظارے

## حصہ - ب

3. درج ذیل میں سے کسی **ایک** عنوان پر دوسو (200) الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے : 10

(i) یوم جمہوریہ
(ii) اسمارٹ فون اور آج کے طلباء
(iii) ہمارا تعلیمی نظام
(iv) پرگتی میدان میں دہلی کتاب میلہ



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

4. اپنے دوست کو خط لکھ کر اسے دہلی کی سیر کی دعوت دیجیے۔ 5

**یا**

اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام دو دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔

5. فعل حال کی تعریف لکھیے اور دو مثالیں بھی لکھیے۔ 4

6. درج ذیل جملوں میں زمانے کے لحاظ سے فعل کی کون سی قسم ہے؟ لکھیے۔ 4

(a) وہ خط لکھ رہا ہے۔

(b) لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔

(c) عورتیں گانا گائیں گی

(d) ناصر آیا تھا۔

7. درج ذیل میں سے کسی دو کے مترادف الفاظ لکھیے : 2

عیش - اتحاد - خواب - میل

8. درج ذیل میں سے کسی **تین** کے متضاد الفاظ لکھیے : 3

دوزخ - بہار - قید - دشمن - نفع - محبت

9. درج ذیل واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے : 3

باغ - تصانیف - تکالیف - افواج - اختیار - کتاب

10. درج ذیل لفظوں کے مذکر کے مونث اور مونث کے مذکر لکھیے : 3

باپ - استاد - اونٹنی - دھوبن - شاعرہ - بیٹا

11. سابقہ 'ان' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2

لاحقہ 'دار' جوڑ کر دو الفاظ لکھیے۔ 2



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

حصہ - د

12. درج ذیل اقتباس کوغور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 7

رضیہ سلطان ہندوستان کی پہلی ملکہ تھی جو دلی کے تخت پر بیٹھی وہ دلی کے بادشاہ التمش کی بیٹی تھی۔ اپنے بہن بھائیوں میں رضیہ سب سے زیادہ ذہین، محنتی اور ہوشیار تھی۔ باپ نے اپنی زندگی ہی میں اسے اپنا جانشین مقرر کر دیا۔ وہ جانتا تھا کہ بیٹے عیش پرست ہیں۔ بیٹی کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس نے اپنے آخری دنوں میں چاندی کے سکّے پر رضیہ کا نام بھی شامل کر لیا تھا.....التمش کی وفات کے بعد جب بادشاہ کی وصیت پڑھ کر سنائی تو ترک امیروں نے یہ پسند نہیں کیا کہ ایک عورت دلی کے تخت و تاج کی مالک ہو۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟

(a) اونتی (b) کارتوس

(c) رضیہ سلطان (d) بے تکلفی

(ii) رضیہ سلطان کون تھی ؟

(a) ہندوستان کی دوسری ملکہ جو دلی کے تخت پر بیٹھی۔

(b) ہندوستان کی پہلی ملکہ جو دلی کے تخت پر بیٹھی۔

(c) ہندوستان کی ملکہ جو پنجاب کے تخت پر بیٹھی۔

(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

(iii) رضیہ سلطان کے والد کا نام کیا تھا ؟

(a) بادشاہ اکبر (b) بادشاہ التمش

(c) بادشاہ رکن الدین (d) بادشاہ یاقوت

(iv) التمش اپنے بیٹوں کے بارے میں کیا جانتا تھا ؟

(a) بیٹے بہت محنتی ہیں (b) بیٹے بہت ذہین ہیں

(c) بیٹے بہت ہوشیار ہیں (d) بیٹے عیش پسند ہیں

(v) بادشاہ نے اپنی زندگی میں رضیہ سلطان کو اپنا جانشین کیوں مقرر کیا ؟

(a) رضیہ کے بھائی عیش پسند تھے۔

(b) رضیہ سب بہن بھائیوں میں سب سے زیادہ محنتی اور ہوشیار تھی۔

(c) رضیہ کے علاوہ کوئی اور حکومت چلانے کی صلاحیت نہیں رکھتا تھا۔

(d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(vi) بادشاہ التمش نے اپنی زندگی میں چاندی کے سکّے پر کس کا نام شامل کر لیا تھا ؟

(a) میر آخور کا (b) رکن الدین کا

(c) رضیہ سلطان کا (d) غلام یاقوت کا

(vii) 'ایک عورت دلی کے تخت و تاج کی مالک ہو' کس نے پسند نہیں کیا ؟

(a) صوفی کاظم الدین نے (b) ترک امیروں نے

(c) میر آخور نے (d) غلام یاقوت نے

یا

ہوا، پانی اور غذا ہماری صحت اور زندگی کے لیے ضروری ہیں۔ اور بے قاعدگی سے ان چیزوں میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ کھانے کی چیزیں اگر کھلی چھوڑ دی جائیں تو مکھیاں، گرد اور بیماری پھیلانے والے جراثیم ان کو آلودہ کر دیتے ہیں۔ گردوغبار اور کارخانوں سے نکلنے والا دھواں اور مہلک گیسیں ہوا میں آلودگی پیدا کرتی ہیں..... باؤلیوں، تالابوں اور نہروں کے پانی میں کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔ مویشیوں کو نہلایا جاتا ہے، انسان بھی وہیں نہاتے ہیں، اس طرح انسانوں اور جانوروں کی ساری گندگیاں باؤلیوں اور تالابوں میں داخل ہو جاتی ہیں اور پانی آلودہ ہو جاتا ہے۔ نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ بھی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ کارخانوں سے نکلنے والا میل کچیل اور کیڑے مار دواؤں کا چھڑکاؤ بھی پانی کی آلودگی میں اضافہ کرتا ہے۔ اس قسم کی گندگیاں پانی میں آکسیجن کی مقدار کم کر دیتی ہیں۔ جس کی وجہ سے مچھلیاں مر جاتی ہیں۔ بارش کا پانی قدرتی طور پر صاف ستھرا اور پینے کے قابل ہوتا ہے۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) قول کا پاس (b) زبانوں کا گھر ہندوستان

(c) بے تکلفی (d) پانی کی آلودگی

(ii) ہماری صحت کے لیے کیا ضروری ہیں؟

(a) ہوا (b) پانی

(c) غذا (d) اوپر کے تینوں صحیح ہیں



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(iii) مکھیاں، گرد اور بیماری پھیلانے والے جراثیم کھانے کی چیزوں کو ________۔

(a) میٹھا کر دیتے ہیں
(b) آلودہ کر دیتے ہیں
(c) صاف کر دیتے ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(iv) جانوروں اور انسانوں کے نہانے سے باؤلیوں اور تالابوں کا پانی ________۔

(a) صاف ہو جاتا ہے
(b) پینے کے قابل ہو جاتا ہے
(c) گندا ہو جاتا ہے
(d) مچھلیاں پالنے کے قابل ہو جاتا ہے

(v) بیماریوں کے پھیلنے کی ایک وجہ کیا ہے؟

(a) نالیوں کی گندگی اور کوڑا کرکٹ بھی ہے
(b) صاف پانی کا استعمال بھی ہے
(c) قدرتی طور پر صاف پانی کا استعمال بھی ہے
(d) اوپر کا کوئی صحیح نہیں ہے

(vi) پانی کی آلودگی پانی میں آکسیجن کی مقدار کم کر دیتی ہے جس کی وجہ سے ________۔

(a) مچھلیوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے
(b) مچھلیاں مر جاتی ہیں
(c) اوپر کے دونوں غلط ہیں
(d) مچھلیاں تروتازہ ہو جاتی ہیں

(vii) بارش کا پانی قدرتی طور پر کیسا ہوتا ہے؟

(a) صاف ستھرا
(b) پینے کے قابل
(c) اوپر کے دونوں صحیح ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

13. درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : 6

(i) اونتی
(ii) نئی روشنی
(iii) انٹرنٹ



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

14. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 2× 2 = 4

(i) اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی ؟

(ii) بھیم راؤ کے نام میں امبیڈکر کیوں شامل ہوا ؟

(iii) آنکھوں کی حفاظت کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے ؟

(iv) بندو کی سست رفتاری کا اثر کن کن لوگوں پر پڑا ؟

15. درج ذیل شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے : 1× 5 = 5

کوئی امید بر نہیں آتی — کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معین ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی — اب کسی بات پر نہیں آتی
ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں — ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

ہم سے بھی اس بساط پہ کم ہوں گے بدقمار — جو چال ہم چلے نہایت بری چلے
بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے — پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(i) پہلے دو اشعار کس شاعر کے ہیں ؟

(a) مومنؔ (b) میرؔ
(c) ذوقؔ (d) غالبؔ

(ii) یہ اشعار شاعری کی کس صنف کے ہیں ؟

(a) مثنوی کے (b) غزل کے
(c) نظم کے (d) رباعی کے

(iii) اس شعری حصے کے پہلے شعر کو کیا کہیں گے ؟

(a) ردیف (b) قافیہ
(c) مقطع (d) مطلع



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(iv) ''آ گے آتی تھی حال دل پہ ہنسی'' اس مصرعے میں آگے کے معنی ________

(a) بعد کے ہیں
(b) پہلے کے ہیں
(c) اب کے ہیں
(d) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے

(v) شاعر کے خیال میں بہتر کام کون سا ہے ؟

(a) دنیا سے دل نہ لگانا
(b) دنیا سے دل لگانا
(c) دل لگی کرنا
(d) کام سے دل لگانا

**یا**

کوئی پہاڑ یہ کہتا تھا ایک گلہری سے
تجھے ہو شرم تو پانی میں جاکے ڈوب مرے
ذرا سی چیز ہے، اس پر غرور کیا کہنا !
یہ عقل اور یہ سمجھ، یہ شعور کیا کہنا
خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں
جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں
تری بساط ہے کیا، میری شان کے آگے
زمیں ہے پست میری آن بان کے آگے
جو بات مجھ میں ہے، تجھ کو وہ نصیب کہاں
بھلا پہاڑ کہاں جانور غریب کہاں

(i) یہ اشعار کس نظم سے لیے گیے ہیں ؟
(a) نیکی اور بدی
(b) پہاڑ اور گلہری
(c) اے شریف انسانو !
(d) قدم بڑھاؤ دوستو



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

(ii) اس نظم کے شاعری کا نام کیا ہے؟

(a) نظیرؔ اکبرآبادی

(b) بشرنوازؔ

(c) اقبالؔ

(d) ساحرؔ لدھیانوی

(iii) 'تجھے ہو شرم تو پانی میں جا کے ڈوب مرے'، کون کس سے کہہ رہا ہے؟

(a) گلہری پہاڑ سے

(b) پہاڑ گلہری سے

(c) پہاڑ مکڑی سے

(d) پہاڑ جگنو سے

(iv) ان اشعار میں کون اپنی بڑائی بیان کر رہا ہے؟

(a) گلہری

(b) زمین

(c) بندر

(d) پہاڑ

(v) ''بساط'' کے معنی کیا ہیں؟

(a) شعور

(b) تدبیر

(c) حیثیت

(d) بے کار

16. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب لکھیے : **6**

(i) نظیر اکبرآبادی کی شاعری کی خصوصیات تفصیل سے لکھیے۔

(ii) ''تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا'' اس مصرعے کی روشنی میں لکھیے۔ اسمٰعیل میرٹھی نے اپنی نظم میں کیا پیغام دیا ہے؟



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE

Downloaded From : http://cbseportal.com/

17. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **2× 2 = 4**

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے

یہ نمائش سراب کی سی ہے

انسانی زندگی کی حقیقت شاعر کے خیال میں کیا ہے؟ اس شعر کی روشنی میں لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(ii) ''دنیا بھی عجیب سرائے فانی دیکھی'' اس مصرعے کی روشنی میں لکھیے کہ شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(iii) نظم 'اے شریف انسانو!' میں ''روح تعمیر'' کے زخم کھانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ شاعر کا نام بھی لکھیے۔

(iv) شعر مکمل کیجیے :

ہو عمر خضر بھی تو کہیں گے بہ وقت مرگ

________________________

شاعر کا نام بھی لکھیے۔



Downloaded From : http://cbseportal.com/ Courtesy : CBSE